ہے۔تفسیر کے حوالے سے علامہ صابونی کو ایک منفرد مقام حاصل ہے۔

مقالہ ہذا چار ابواب پر مشتمل ہے اور اس کی ذیلی فصول ذکر کی گئی ہیں۔

- باب اوّل صفوۃ التفاسیر کے اجمالی تعارف سے متعلق ہے۔ یہ باب تین فصول پر مشتمل ہے۔تفسیر کی تعریفات، مفہوم، ارتقاء، مناہج تفاسیر اور علامہ ازیں صفوۃ التفاسیر کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔
- باب دوم تفسیر بالماثور کے تناظر میں صفوۃ التفاسیر کے منہج پر مشتمل ہے۔جس میں تفسیر القران بالقرآن، تفسیر القران بالسنۃ اور اسی طرح تفسیر القرآن باقوال صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین رحمۃ اللہ علیہم کے نظائر بیان کیے گئے ہیں۔
- تیسرے باب میں تفسیر بالرائے کا اُسلوب، مفردات قرانیہ کی تفسیر اور بلاغت کے ابحاث بیان کیے گئے ہیں۔
- چوتھے اور آخری باب میں کلامی اور فقہی مباحث کا تذکرہ کیا گیا ہے۔